خبروں کا اعلامیہ

البرٹنز کو سننا: بجٹ 2023

7 نومبر، 2022 میڈیا کی پوچھ گچھ

جبکہ بجٹ 2023 تیار ہوتا ہے، البرٹا کی حکومت البرٹنز سے سننا چاہتی ہے۔

البرٹا معاشی ترقی میں ملک کی قیادت جاری رکھے ہوئے ہے اور بجٹ 2023 صوبے کو سرمایہ کاری کی کشش، اقتصادی تنوع اور ملازمتوں کی تخلیق کے لیے مقام دیتا رہے گا۔ بجٹ 2023 زندگی کو مزید قابل استطاعت بنانے، ہمارے صحت کی دیکھ بھال کے نظام کو بہتر بنانے، ملازمتیں پیدا کرنے اور البرٹنز کے لیے کھڑے ہونے کے ہمارے عزم کو مزید آگے بڑھائے گا۔

"البرٹا رہنے، کام کرنے اور اپنے خاندانوں کی پرورش کے لیے بہترین جگہ ہے۔ بجٹ 2023 ہماری کمیونٹیز، کاروباروں اور خاندانوں کو حکطت عملی کی (سٹریٹجک) سرمایہ کاری کے ساتھ تعاون کر کے البرٹنز کو اولیت دے گا تاکہ ہم خوشحال مستقبل کے لیے اپنا مقام حاصل کر سکیں۔ میں بجٹ 2023 کے لیے آپ کی ترجیحات اور نقطہ نظر کو سننے کا منتظر ہوں۔ براہ کرم سروے مکمل کرنے کے لیے وقت نکالیں یا جس طرح بھی ہو سکے اس میں حصہ لیں۔"

ٹریوس ٹووز(Travis Toews)، ٹریژری بورڈ کے صدر اور وزیر خزانہ (President of Treasury Board and Minister of Finance)

عوامی مشاورت کے ذریعے البرٹا کے لوگوں کو سننا البرٹا کے بجٹ کو تیار کرنے کے عمل کا ایک اہم حصہ ہے۔ اس کے علاوہ، حکومت کمیونٹی اور کاروباری رہنماؤں سمیت گروہوں (گروپس) سے بھی معلومات اکٹھی کرے گی۔

البرٹنز آن لائن سروے کو پُر کرکے اور وزیر خزانہ ٹریوس ٹوز (Finance Minister Travis Toews) کے ساتھ ٹیلی فون ٹاؤن ہالز (telephone town halls) میں شامل ہو کر، اگلے بجٹ کے لیے ان کے خیالات اور تصورات کا اشتراک کر سکتے ہیں۔ کاروبار، میونسپلٹیز، انڈسٹری ایسوسی ایشنز، کمیونٹی تنظیمیں اور دیگر گروپس ان کی تنظیموں کی جانب سے ہمارے آن لائن پورٹل کے ذریعے بجٹ کی گزارشات بھیج سکتے ہیں۔

سروے اور آن لائن جمع کرانے کا پورٹل اب کھلا ہے۔ان کے بارے میں اور شمولیت کے دیگر طریقوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم ہمیں alberta.ca/BudgetConsultation پر دیکھیں۔

فوری حقائق

- 31اگست کو 2023-22 کے پہلے سہ ماہی کے مالیاتی اپ ڈیٹ کے مطابق:
  - 2022-23کے لیے آمدنی کی پیشن گوئی 75.9 بلین ڈالرہے جبکہ اخراجات کی پیشن گوئی 62.7 بلین ڈالر ہے۔
  - اس سے 2022-23 کے لیے 13.2 بلین ڈالر سرپلس کی پیشن گوئی رہ جاتی ہے،جو کہ بڑے حصے میں ریکارڈ توڑ غیر قابل تجدید وسائل کی آمدنی اور توقع سے زیادہ کارپوریٹ انکم ٹیکس کی وجہ سے۔
  - 13.4بلین ڈالر کے قرض کی ادائیگی کے بعد، 31 مارچ، 2023 کو ٹیکس دہندگان کے تعاون واے قرض کی پیشن گوئی 79.8 بلین ڈالر کی گئی ہے۔
  - مالی سال کے اختتام پر خالص قرض سے جی ڈی پی کے تناسب کا تخمینہ 10.3 فیصد ہے، جو اسے 30 فیصد سے کافی کم رکھنے کے صوبے کے ہدف کے مطابق ہے، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ البرٹا اپنے قرض کی ادائیگی کے لیے مضبوط پوزیشن میں ہے۔
  - البرٹا کی معیشت (جو حقیقی مجموعی گھریلو پیداوار (real gross domestic product) یا جی ڈی پی (GDP) سے ناپی جاتی ہے) میں اس سال 4.9 فیصدکا اضافہ متوقع ہے۔

متعلقہ معلومات

- بجٹ 2023 کی مشاورت
- 2022-23 کا پہلا سہ ماہی مالیاتی اپ ڈیٹ اور اقتصادی بیان

میڈیا کی پوچھ گچھ

شارلٹ ٹیلون (Charlotte Taillon)

780-932-5381
پریس سیکریٹری، ٹریثری بورڈ اینڈ فائنینس(Press Secretary, Treasury Board and Finance)